19

# لومڑی اور کوّا

4331CH19

ایک لومڑی دو دن سے بھوکی تھی۔ اسے کہیں بھی کھانے کو کچھ نہ ملا تھا۔ وہ شہر کے قریب آگئی۔



اچانک کیا دیکھتی ہے کہ ایک درخت پر ایک کوّا بیٹھا ہے۔ اس کوّے کے منہ میں ایک ثابت روٹی ہے۔ لومڑی کے منہ میں پانی بھر آیا۔ اس نے ایک ترکیب سوچی۔



© NCERT not to be republished


وہ کوّے کی تعریف کرنے لگی۔
بھائی کوّے! تم کتنے خوبصورت ہو۔ تمھارے پر کتنے خوبصورت ہیں۔ تم چاہے راوی میں نہاؤ یا جہلم میں، تمھارا رنگ ایک جیسا ہی رہتا ہے۔ سچ مچ تم پرندوں کے راجا ہو۔
تمھارا گانا بہت میٹھا ہے۔ بانسری سے بھی میٹھا۔ دل تمھارا گانا سننے کو ترس رہا ہے۔ ذرا گانا گا کر سناؤ۔

کوّے نے اپنی اتنی تعریف سنی۔ وہ پھول کر کپّا ہو گیا۔ اس نے گانا گانے کے لیے چونچ کھولی۔



چونچ کھلتے ہی روٹی نیچے آگری۔



© NCERT not to be republished



لومڑی بڑے چاؤ سے اسے کھانے لگی۔ کوّا منہ دیکھتا رہ گیا۔



© NCERT not to be republished